خبرنامہ ادارۂ تحقیق وتصنیف اسلامی

• سکریٹری ادارہ مولانا سید جلال الدین عمری کی تصنیف "اسلام کی دعوت" دعوتِ اسلامی کی ضرورت واہمیت اور طریقۂ کار کے موضوع پر بنیادی کتابوں میں سے ہے۔ اب تک اس کے متعدد ایڈیشن آچکے ہیں۔ مولانا ان دنوں اس پر نظرثانی کر رہے ہیں۔ اس کی جلد اشاعت متوقع ہے۔

• ادارہ کے منصوبہ کے تحت مولانا سلطان احمد اصلاحی نے "اسلام اور آزادیٔ فکر و عمل"، ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی نے "سیرتِ ابراہیم علیہ السلام۔ قرآن کی روشنی میں" اور مولانا محمد جرجیس کریمی نے "عقیدۂ توحید اور عدل کا قیام" کے موضوعات پر اپنے کام مکمل کر لیے ہیں۔ یہ کتابیں اشاعت کی منتظر ہیں۔ مولانا اصلاحی اب "اسلام۔ ایک نجات دہندہ تحریک"، ڈاکٹر ندوی "اسلام پر اعتراضات کا جائزہ (برصغیر کے تناظر میں) اور مولانا کریمی "مسلمانوں کی حقیقی تصویر۔ قرآن وحدیث کی روشنی میں" کے موضوعات پر کام کر رہے ہیں۔

• "مسلمان عورت کے حقوق اور ان پر اعتراضات کا جائزہ" مولانا جلال الدین عمری کی مقبول کتابوں میں سے ہے۔ اس کا انگریزی ترجمہ **The Rights of Muslim Woman- An Appraisal** کے نام سے مرکزی مکتبہ اسلامی نئی دہلی سے شائع ہوا ہے۔ ہندی ترجمہ بھی قریب التکمیل ہے۔

• مولانا عمری کی کتاب "اسلام میں خدمتِ خلق کا تصور" کا انگریزی اور تامل ترجمہ منظرِ عام پر آچکا ہے۔ اب اس کا ہندی ترجمہ اسلامی ساہتیہ پرکاشن دہلی نے شائع کیا ہے۔ اس کی تعارفی تقریب ۲۸ر نومبر ۹۹ء کو مرکز جماعت اسلامی ہند نئی دہلی میں منعقد ہوئی۔

• "معروف ومنکر" مولانا عمری کی ایک بہت اہم اور معروف تصنیف ہے۔ موضوع کی اہمیت اور مباحث کی انفرادیت کی بنا پر اسے بہت پذیرائی ملی ہے۔ اس کا ترجمہ انگریزی، عربی، ترکی، ہندی، تامل اور بنگلہ زبانوں میں ہو چکا ہے۔ اس کا نیا اردو ایڈیشن مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز نئی دہلی سے شائع ہوا ہے۔

• ادارہ میں توسیعی خطبات کے تحت ۲۸ر نومبر ۹۹ء کو ڈاکٹر عبدالعظیم اصلاحی ریڈر شعبۂ معاشیات مسلم یونیورسٹی علی گڑھ نے "مسئلہ ربا اور اس کے متعلقات (مولانا اقبال سہیل مرحوم کی کتاب ربا کیا ہے؟ کے حوالہ سے)" کے موضوع پر مقالہ پڑھا۔ انھوں نے مصنف کا

مختصر تعارف کراتے ہوئے کتاب کو موضوعِ بحث بنایا اور اس کے مشتملات کا تنقیدی جائزہ لیا۔ بعد میں سامعین نے مباحثہ میں حصہ لیا۔ آخر میں صدرِ مذاکرہ پروفیسر فضل الرحمٰن فریدی نے اسلام کے نظامِ معاشیات کے مختلف پہلوؤں پر سیر حاصل روشنی ڈالی۔

● انڈین ایسوسی ایشن فار اسلامک اکنامکس، علی گڑھ زکوٰۃ فنڈ اور یوپی رابطہ کمیٹی کے تعاون سے "زکوٰۃ کے معاشی پہلو" پر ۱۳۔۱۴ نومبر ۹۹ء کو علی گڑھ مسلم یونیورسٹی میں دوروزہ کل ہند سمینار منعقد ہوا جس میں ملک کے متعدد علماءِ کرام اور دانشوروں نے شرکت کی۔ اس میں ادارہ سے مولانا سلطان احمد اصلاحی اور ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی شریک ہوئے۔ مولانا اصلاحی نے "ہندوستان میں تنظیمِ زکوٰۃ کے چند مسائل" اور ڈاکٹر ندوی نے "جماعت اسلامی ہند کا اجتماعی نظامِ زکوٰۃ۔ ایک تعارف" کے موضوع پر اپنے مقالات پیش کیے۔ مولانا اصلاحی نے سمینار کے ایک اجلاس کی صدارت بھی فرمائی۔

● ۷ نومبر ۹۹ء کو جماعت اسلامی ہند علی گڑھ مسلم یونیورسٹی ایریا کا دعوتی و تربیتی اجتماع منعقد ہوا۔ اس میں ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی نے مولانا سلطان اصلاحی کی نئی کتاب "اسلام اور آزادیٔ فکر و نظر" کا تعارف اور مباحث کا خلاصہ پیش کیا۔ بعد میں حاضرین کے بعض اشکالات اور سوالات کا خود مولانا اصلاحی نے جواب دیا۔

● ادارہ کے رفیق مولانا محمد جرجیس کریمی نے کئی سال قبل ادارہ کے شعبۂ تصنیفی تربیت سے وابستگی کے دوران "قرآن اور مستشرقین" کے عنوان سے ایک مقالہ تیار کیا تھا۔ اب یہ کتابی صورت میں ادارۂ خدمتِ خلق ڈھاباکیند، دمکا (بہار) سے شائع ہوگیا ہے۔ صفحات: ۱۰۲، قیمت: ۳۰ روپے۔ یہ کتاب مکتبۂ تحقیق سے بھی حاصل کی جاسکتی ہے۔

● ادارہ کی فوری ضروریات میں اس کی نامکمل عمارت کی تکمیل، پانی کی سپلائی اور لائبریری میں ضروری فرنیچر کی فراہمی ہے۔ ادارہ کے ہمدردان و بہی خواہان کی اس طرف توجہ سے یہ ضروریات بآسانی پوری ہوسکتی ہیں۔